Pakistan High Commision

Information Division

London

29 January 2021

سفیر پاکستان جناب معظم احمد خان کی طرف سے Covid Vaccination کے بارے میں کمیونٹی کے نام اہم پیغام

۔۔۔میرے پیارے بھائیو اور بہنو! اسلام وعلیکم

آج میں آپ سے ایک نہایت اہم مسئلے پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ آج ہمیں جس خطرناک بیماری کا سامنا ہے۔ پچھلی کئی دہائیوں سے ہمیں کسی ایسے خطرے کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

اس بیماری نے تقریباً سبھی ممالک اور ان کے شہریوں کو اس بری طرح سے متاثر کیا ہے جس کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی۔ ہم میں سے بہت سوں کو بھی ان کے عزیز و اقارب کی بے وقت کی موت کا صدمہ بھی جھیلنا پڑا۔ میں ان تمام بہن بھائیوں کے لئے دعا گو ہوں جو اس صدمے سے گزرے ہیں۔

لیکن میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہمیں آپ کی مشکلات کا بخوبی اندازہ ہے اور میں اور ہمارے چاروں Consul Generals ان مشکل حالات میں آپکی ہر طرح کی مدد کرنے کے لئے تیار ہیں۔

یہ واقعی بہت مشکل وقت ہے۔ برطانیہ میں ہی اس Pandemic کی وجہ سے ایک لاکھ سے زائد اموات ہو چکی ہیں۔
اگرچہ اس بیماری نے ہر انسان کو متاثر کیا ہے لیکن کئی اندازوں کے مطابق South Asian Communities اس بیماری سے سب سے زیادہ متاثر ہوئی ہیں۔

لیکن اس سب کے باوجود میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ صورتحال اس قدر بھی مایوس کن نہیں ہے جتنی بظاہر نظر آ رہی ہے۔
Social distance کو observe کر کے، بار بار ہاتھ دھو کر اور حکومت کی طرف سے بتائی گئی دوسری ہدایات پر عمل کر کے ہم میں سے بہت سوں نے نہ صرف اپنی حفاظت کی ہے بلکہ اپنے اہلخانہ کو بھی اس بیماری سے محفوظ رکھا ہے۔

اب جبکہ UK میں وسیع پیمانے پر ویکسین لگانے کے عمل کا آغاز ہو چکا ہے تو ہمیں اس میں امید کی کرن نظر آئی ہے۔ یہ ویکسین نہائت موثر ہے۔ اسے آزمودہ سائنسی طریقوں سے تیار کیا گیا ہے۔ ماضی میں بھی ایسی بیماریوں کا کامیاب علاج ایسی ہی Vaccines سے کیا جاتا رہا ہے۔

اس مرحلے پر یہ بات نہایت اہم ہے کہ آپ اس ویکسین کے بارے میں کسی طرح کے شکوک و شبہات کا شکار نہ ہوں اور نہ ہی سوشل میڈیا پر اس ویکسین سے متعلق پھیلائی جانے والی گمراہ کن اور غلط معلومات پر کوئی توجہ دیں۔

Health Experts اور Professionals سے تفصیلی تبادلہ خیال کے بعد میں یہ بات پورے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس بیماری سے نجات حاصل کرنے کا واحد راستہ یہی ویکسین ہے۔

لہذا میں آپ سب لوگوں سے پُرزور اپیل کرتا ہوں کہ اس ضمن میں UK Authoritie سے بھرپور تعاون جاری رکھیں۔ اپنے آپ کو اور اپنے اہلخانہ کو ویکسین ضرور لگوایں اور جب بھی آپ کو اپنا GP یا کوئی Healthworke بلائیں تو آپ اپنی Appointment کو ہر صورت Attend کریں۔

میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ آف پاکستان بھی وسیع پیمانے پر ویکسین لگانے کا عمل شروع کر رہی ہے، اس سلسلے میں کچھ Vaccines پہلے ہی منظور کی جا چکی ہیں اور ان کو لگانے کا عمل بھی جلد شروع ہو جائے گا۔

مجھے یقین ہے کہ احتیاتی تدابیر پر عمل کر کے اور ویکسین لگوا کر ہم انشاالہ اس Pandemic پر قابو پالیں گے۔
اللہ تعالی آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو محفوظ رکھے اور جو بیمار ہیں ان کو جلد شفایاب کرے۔

آمین

**Message from the High Commissioner for the Pakistani Community regarding the COVID-19 Vaccination:**

**My dear Brothers and Sisters,**

**Assalam-o-Alaikum,**

Today, I wish to address you on a matter of utmost concern and urgency. As you all know, CORONA has emerged as the biggest threat we all have faced for decades. It has impacted almost every country and every individual in an unprecedented manner.

For many of us, this virus has brought enormous disruption to our lives in the shape of untimely departure of a near and dear one. My thoughts and prayers go out to each and every one of you who has had to bear this loss. In many other ways, the Pandemic continues to affect both our personal and professional lives, and test the limits of our fortitude.

But let me assure you that I and my team at the High Commission and our Consulates, are fully aware of the difficult situation you are passing through. And we are all there to help and support you and your families in every possible manner.

These are indeed testing times. In this country alone, more than 100,000 precious lives have been lost to the pandemic.Though the pandemic has spared nobody, according to some estimates, South Asian communities have been disproportionately affected.

I want you all to know that the situation is not as bleak as it appears. By observing social distancing, frequent hand washing,and other instructions issued by the UK authorities, many of us have been able to ensure our own safety and health, as well as that of our families and communities.

The vaccine being rolled out expeditiously by the UK authorities affords a silver lining. It is efficacious and represents a time tested method of preventing a communicable disease caused by pathogens.

It is important that you harbour no doubt, and pay no heed to the malicious and misleading information doing the rounds on social media sowing doubts about the vaccination.

Indeed, after speaking to health experts and professionals, I am convinced that vaccination is our only and biggest hope for defeating this disease.

I therefore strongly urge you to continue to cooperate with the authorities and get yourselves and your dependents vaccinated as soon as you receive the call from your GPs and health workers.

Pakistan is also gearing up for mass vaccination. A number of vaccines have been approved for use. Their roll out is expected shortly.

Precautionary measures and vaccination will InshaAllah help us fight and eventually overcome the Pandemic.

May Allah keep you and your dear ones healthy and grant a speedy recovery to those who are unwell, Ameen!